پرچہ II | 418 - (II) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) | اُردو (لازمی) (پہلا گروپ)

مارکس: 20 | معروضی | وقت: 20 منٹ

**Code: 8023**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1. (الف) درست جواب کا اِنتخاب کیجئے : (5)

1 - "عمر ثانی" کا لقب دیا گیا ہے۔
(A) حضرت عمر فاروقؓ (B) عمر بن ہشام (C) عمر بن عبدالعزیزؒ (D) ابنِ خلدون

2 - وائرلیس ______ نے ایجاد کی؟
(A) ایڈیسن (B) سٹیفن (C) نیوٹن (D) مارکونی

3 - اکبری کو ______ کے لاڈ پیار نے بگاڑا۔
(A) ماں (B) باپ (C) خالہ (D) نانی

4 - سبق " دستک " کا تعلق کس ادبی صنف سے ہے؟
(A) افسانہ (B) ڈراما (C) ناول (D) داستان

5 - سبق " ایوب عباسی " کے مصنف ہیں۔
(A) مولانا حالی (B) رشید احمد صدیقی (C) شاہد دہلوی (D) نذیر احمد

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

6 - چڑیاں اور کبوتر شاخوں پر ______ ہیں۔
(A) بیٹھی (B) بیٹھا (C) بیٹھیں (D) بیٹھے

7 - لڑکوں نے شور ______ ۔
(A) مچایا (B) مچائی (C) مچائے (D) مچاؤ

8 - جناب تشریف ______ ۔
(A) لاؤ (B) لائے (C) لائیں (D) لائی

9 - قلم دوات میز پر ______ ۔
(A) ہیں (B) ہے (C) ہو (D) ہی

10 - تقریر ______ آسان نہیں۔
(A) کرنی (B) کرنا (C) کرنے (D) کرو

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

11 - کسی چیز کی تفصیل ظاہر کرنے کی علامت ہے۔
(A) سکتہ (B) رابطہ (C) تفصیلیہ (D) ختمہ

12 - ندائیہ کی علامت ہے۔
(A) ۔ (B) ؛ (C) :- (D) !

13 - وقفہ کی تعریف کیجئے۔
(A) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (B) قول بیان کرنا (C) پکارنا (D) مکمل ٹھہراؤ

14 - قوسین کی علامت ہے۔
(A) " " (B) ! (C) - (D) ( )

15 - وقفے سے زیادہ ٹھہراؤ کیلئے جو علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ختمہ (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : (5)

16 - لگنا :
(A) وہ آپ کا کیا لگتا ہے؟ (B) وہ رونے لگا (C) گھر میں آگ لگ گئی (D) مجھے سردی لگ رہی ہے

17 - چاہنا :
(A) اُس نے وہی کیا جو چاہا (B) بارش آیا چاہتی ہے (C) مجھے انصاف چاہیے (D) آپ چاہتے کیا ہیں

18 - پڑنا :
(A) اُسے کام پڑ گیا (B) ہر کسی سے اُلجھنا درست نہیں (C) ہر کسی سے لڑنا بری عادت ہے (D) وہ گر پڑا

19 - پانا :
(A) میں یہ سوال بمشکل حل کر پایا (B) وہ اُسے پانا چاہتا ہے (C) اس مسئلے کا حل کیسا پایا؟ (D) میرے لیے اُسے پانا مشکل ہے

20 - چکنا :
(A) اُس کا حساب چکا دو (B) اُسے دہی چھکنا ہے (C) سورج ڈوب چکا ہے (D) دہی کو چھکنا

اُردو (لازمی) (پہلا گروپ) 418 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+8=10)

شمس و قمر کو ضد ہے کہ گرمِ سفر رہیں ...... بے رنگیوں میں خالقِ شام و سحر رہیں

شہروں میں انقلاب ، بیاباں میں انقلاب ...... محفل میں انقلاب ، شبستاں میں انقلاب

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (1+3 x 3=10)

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا ...... ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے ...... تیری آواز آ رہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں ...... زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق و سباق کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10=15)

(الف) تقریر کے وقت منہ سے پھول جھڑتے تھے۔ آواز میں شیرینی اور دل کشی تھی۔ اکثر لوگ جو اُن سے ملنے یا کسی معاملے میں گفتگو کرنے آتے تو ان کی ذہانت اور لیاقت کے قائل ہو جاتے۔ ان کی خوش بیانی ایسی تھی کہ اکثر اوقات مخالف بھی مان جاتے تھے۔ دکن میں رہتے رہتے اور بعض امراض کی وجہ سے بھی وہ شدید موسم کو برداشت نہیں کر سکتے تھے۔

(ب) بہت زمانے تک مواصلات یا پیغام رسانی کا کام کبوتروں سے بھی لیا گیا۔ خط اس کی گردن میں یا اس کے بازو میں باندھ دیا جاتا اور وہ اسے منزلِ مقصود پر پہنچا دیتا۔ ان کے ذریعے سیکڑوں سال تک پیغام رسانی ہوئی۔ انھیں پہلی بار کس نے استعمال کیا، اس کا تو علم نہیں مگر یہ بات تاریخ کی کتابوں میں بہ کثرت موجود ہے کہ مسلمان حکمرانوں نے انھیں پورے بلادِ اسلامیہ میں استعمال کیا ہے۔

(ورق الٹیے)

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 418 - (IV) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 20 منٹ **معروضی** مارکس: 20

**Code: 8028**

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

**(الف)** درست جواب کا اِنتخاب کیجیے: (5)

1 - علی گڑھ کالج یونیورسٹی کے درجے تک کب پہنچا؟
(A) 1920ء (B) 1930ء (C) 1940ء (D) 1950ء

2 - کلکتہ کے حوالے سے سبق "ہوائی" میں کس شاعر کا ذکر کیا گیا ہے؟
(A) مرزا غالب (B) میر تقی میر (C) مرزا سودا (D) علامہ اقبالؒ

3 - سید احمد بریلوی کس مقام پر شہید ہوئے؟
(A) علی گڑھ (B) لاہور (C) بالاکوٹ (D) پشاور

4 - ملک فراغ پر ہمیشہ ______ کا وقت رہتا تھا۔
(A) دوپہر (B) شام (C) رات (D) صبح

5 - محمد بن قاسمؒ کی فوج کی مجموعی تعداد کتنی تھی؟
(A) گیارہ ہزار (B) بارہ ہزار (C) تیرہ ہزار (D) چودہ ہزار

**(ب)** مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِنظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

6 - میاں بیوی ہنسی خوشی ______ ۔
(A) رہتے ہیں (B) رہتی ہیں (C) رہتا ہے (D) رہتے ہو

7 - ______ میں سکول گیٹ پر پہنچا تو گیٹ بند ہو چکا تھا؟
(A) لیکن (B) چوں کہ (C) جب (D) تب

8 - وہ گھر نہ گیا ______ سکول چلا گیا۔
(A) اگرچہ (B) چونکہ (C) بلکہ (D) چناں چہ

9 - امجد نے قلم، کتاب اور کاپیاں ______ ۔
(A) خریدیں (B) خریدی (C) خریدے (D) خریدا

10 - کیا تم نے "نئی دنیا" ______ ؟
(A) دیکھی (B) دیکھو (C) دیکھیں (D) دیکھا

**(ج)** رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجیے: (5)

11 - رموزِ اوقاف استعمال نہ ہوں تو عبارت ہو سکتی ہے۔
(A) حسین (B) رواں (C) بے معنی (D) واضح

12 - :- علامت ہے۔
(A) وقفہ (B) واوین (C) رابطہ (D) تفصیلیہ

13 - بھرپور ٹھہراؤ کیلئے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) ختمہ (B) تفصیلیہ (C) وقفہ (D) سکتہ

14 - ندائیہ کی تعریف ہے۔
(A) زیادہ ٹھہراؤ (B) کم ٹھہراؤ (C) پکارنا (D) سوال پوچھنا

15 - تخلص کی علامت ہے۔
(A) ــ (B) ؟ (C) ! (D) ؔ

**(د)** اِمدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجیے: (5)

16 - دینا:
(A) بچہ رو دیا (B) بھکاری کو آٹا دو (C) یہ رقم بھائی کو دے آؤ (D) مجھے کھانا دو

17 - لینا:
(A) اس سے قلم لینا (B) بازار سے دہی لا دو (C) اس نے کھانا کھا لیا ہے (D) سانس آہستہ لو

18 - ہونا:
(A) اس کے ساتھ بہت برا ہوا (B) سورج غروب ہو گیا (C) اسے کیا ہوا ہے؟ (D) وہ سویا ہوا ہے

19 - پانا:
(A) ہم نے آم بیٹھے پائے (B) میں اسے دیکھ نہیں پایا (C) جھوٹ سے تم نے کیا پایا (D) وہ گاڑی نہ پا سکا

20 - نکلنا:
(A) مسافر جانے کہاں جا نکلا؟ (B) خواب سچا نکلا (C) بانڈ نکل آیا (D) اصل بات کیا نکلی؟

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 418 (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 2:40 گھنٹے (انشائی طرز) مارکس: 80

## حصہ اول

2 - (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (1+1+8=10)

مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی ...... کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

ہوئی ختم اس کی حجت اس زمیں کے بسنے والوں پر ...... کہ پہنچایا ہے اِن سب تک محمدﷺ نے کلام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ (1+3 x3=10)

ہمدم جو دیکھتا ہوں تو پہلو میں دل نہیں ...... بیٹھا تھا اس کے پاس ، مرا دل وہیں رہا

آخر کو ہو کے لالہ اُگا نوبہار میں ...... خونِ شہیدِ عشق نہ زیرِ زمیں رہا

دی جان ایسے ہوش سے اپنی کہ خلق کو ...... جینے کا میرے تا دمِ آخر یقیں رہا

## حصہ دوم

3 - درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجئے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے۔ (1+1+3+10=15)

(الف) اکبری کو جہیز میں جو کپڑے ملے تھے ، ان کا حال سنیے۔ جب تک ساس کے ساتھ رہیں ، ساس دسویں دن نکال کر دھوپ دے دیا کرتی تھیں۔ شروع برسات میں الگ ہو کر رہیں۔ کپڑوں کا صندوق جس کوٹھڑی میں جس طرح رکھا گیا تھا ، تمام برسات گزر گئی ، اس کو دیکھنا نصیب نہ ہوا۔ وہیں اسی طرح رکھا رہا۔ جاڑے کی آمد میں دولائی کی ضرورت ہوئی تو صندوق کھولا گیا۔ بہت کپڑوں کو دیمک چاٹ گئی تھی۔ چوہوں نے کاٹ کاٹ کر بغارے ڈال دیے تھے۔

(ب) اُن کے گھر میں طالب علموں کا وہ ہجوم کہ اندر جا کر دم گھٹنے لگتا تھا۔ ہر شخص کو کھلانا پلانا ، سامان دینا ، ان کی ضرورتوں کو نظر میں رکھنا اور ان کی فکر کرنا۔ اس کے بعد آفس کا کام ، دوستوں کا کام ، غرض اس شخص کی مشغولیتیں دیکھ کر ہم سب تعجب کیا کرتے تھے کہ یہ شخص زندہ کیسے ہے اور اس کے حواس کیوں کر بجا ہیں۔

(ورق اُلٹیے)